# منقبت پاک بی بی فاطمہؑ

نبیؐ کی فاطمہؑ علیؑ کی سیدہؑ
شبیہِ مصطفیٰؐ حجابِ کبریا

تو ہے صدیقہِ عالم خدا کا مان بھی تو ہے
نبیؐ کے گھر میں جو اترا ہے وہ قرآن بھی تو ہے
ترا ہر فیصلہ خدا کا فیصلہ

وِلا کا تاج ہے جس کا ترا سرتاج ہے بی بیؑ
زمیں سے آسمانوں تک ترا ہی راج ہے بی بیؑ
تری خلدِ بریں تو ہے کوثر ترا

ہر اِک میزان میں تولا ترا پلہ رہا بھاری
ترے دربار سے بی بیؑ ہوئی رسمِ عطا جاری
عطا کی انتہا کرم کی انتہا

ہوئی روشن جہاں آ کر ہر اِک انساں کی بینائی
خدا کے دین نے آ کر جہاں ہے زندگی پائی
وہ ہے دارالشفاء ترا گھر فاطمہؑ

ترے در سے فلک والے بھی روٹی لے کے جاتے تھے
ترے در پہ سلامی کو پیمبرؐ روز آتے تھے
کوئی سمجھے گا کیا ترا رتبہ ہے کیا

تری سچائی پہ شاہد ہیں قرآں اور پیغمبرؐ
تجھے جھوٹا کہا جس نے خدا لعنت کرے اُس پر
جو تو نے کہہ دیا وہی ہو کر رہا

ہمیں قرآں نے بتلایا یہی فیصلہ حق کا
اِدھر سے جو نہیں گزرا وہ دوزخ میں گیا سیدھا
جناں کا راستہ ترے در سے چلا

اُٹھا کے لے گئی زندہ ہی دوزخ میں قضا اُس کو
ترا حق جس نے چھینا تھا ملی ایسی سزا اُس کو
وہ حاکم تھا مگر بھکاری بن گیا

وہی انساں بنے گا بس وہی جنت میں جائے گا
ترے در پہ جو آئے گا خدا کو وہ ہی پائے گا
ترے در کا پتہ خدا کا ہے پتہ

دعائیں مانگتے ہیں بس یہی دن رات رو رو کر
رہیں تیری غلامی میں سدا رضوان اور گوھرؔ
اے بی بی فاطمہؑ اے بی بی فاطمہؑ